# درستگی/تبدیلی اشتہار

# ٹینڈر نوٹس برائے فریش راشن /ملک پاؤڈر

ا۔ انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے ملک پاؤڈر ٹھیکہ برائے مالی سال 25-2024ء (از 01 جولائی 2024ء سے 30 جون 2025ء تک) کو موجودہ مالی سال 24-2023ء کے ریٹ پر توسیع دیدی گئی ہے۔ مندرجہ بالا توسیع کی وجہ سے جو اشتہار مورخہ 14 مئی 2024ء کو پپرا ویب سائٹ اور مختلف اخبارات میں شائع کیا گیا تھا اس میں درج نمبر شمار 7 پر ملک پیک (نیسلے، اولپر، نور پور) اور اسی ضمن میں دی گئی شرائط نمبر 21,22,23 کو اشتہار سے خارج سمجھا جائے۔ لہذا ملک پیک کے ٹینڈر کے لئے کوئی بھی درخواست جمع نہیں کی جائے گی۔

۲۔ مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 081-9204203 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ اشتہار پیپرا کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

لیفٹیننٹ کرنل برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)

ٹیلی فون نمبر 081-9204203

# ٹینڈر نوٹس برائے فریش راشن / ملک پاؤڈر

ا۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کو درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال از 01 جولائی 2024ء تا 30 جون 2025ء تک کے لئے مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر مطلوب ہیں۔ جنکی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:۔
فریش راشن (فرنٹیئر کور بلوچستان کی یونٹوں ژوب ملیشیاء، چمن سکاؤٹس، قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس، لورالائی سکاؤٹس، ٹریننگ سینٹر لورالائی، سبی سکاؤٹس، میوندرائفلز، ببور رائفلز، سوئی رائفلز، غازہ بند سکاؤٹس، چلتن رائفلز، بولشنگی ملیشیاء اور ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ

| نمبر شمار | سپلائی برائے کنٹریکٹ | درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ اور وقت | پری کوالیفکیشن آف بڈرز پیپر رولز 2004ء کی روشنی میں ٹینڈر فارم کا اجراء | ٹینڈر وصول کیے جانے کی تاریخ اور وقت | ٹینڈر کھولے جانے کی تاریخ اور وقت |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | گوشت | 16 مئی 2024ء سے 29 مئی 2024ء صبح 10 بجے تا 3 بجے دن | 30 مئی 2024ء سے 31 مئی بوقت 11 بجے | 04 جون 2024ء بوقت 10 بجے دن | 04 جون 2024ء بوقت 11 بجے دن |
| ۲ | سبزی | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" |
| ۳ | فروٹ | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" |
| ۴ | لکڑی | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" |
| ۵ | کیرج | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" |
| ٦ | راشن برائے جانوران | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" |
| ملک (ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان نارتھ اور اس کے ماتحت یونٹس اور ونگ ہیڈ کوارٹرز) | | | | | |
| ۷ | ملک پیک (ڈبے، اولپر، نور پور) | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" | ایضاً" |

شرائط:۔

ا۔ ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی تمام یونٹوں کے لئے ہر آئیٹم کا اوسط ریٹ بشمول (ڈیلیوری چارجز، مقامی ٹیکس، سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور دیگر متفرق اخراجات وغیرہ) پہنچ کی بنیاد پر ہر ایک یونٹ (ژوب ملیشیاء، چمن سکاؤٹس، قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس، لورالائی سکاؤٹس، ٹریننگ سینٹر لورالائی، سبی سکاؤٹس، میوندرائفلز، ببور رائفلز، سوئی رائفلز، غازہ بند سکاؤٹس، چلتن رائفلز، بولشنگی ملیشیاء اور ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ) کے لیے منفرد ہوگا۔

۲۔ مقررہ تاریخ کو ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی طرف سے تشکیل دیئے گئے بورڈ کے روبرو پیپرا رولز 15 کی روشنی میں تمام بڈرز کو پری کوالیفکیشن پراسس سے گزرنا ہوگا۔

۳۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز پری کوالیفکیشن پراسس میں حصہ لینے وقت مندرجہ ذیل کاغذات اپنے دلچسپی کے علاقے / یونٹ کے حساب سے ہمراہ لائیں گے:۔

الف۔ متعلقہ تجربہ اور ماضی کی کارگزاری۔

ب۔ عملے، ایکیوپمنٹ کے سلسلے میں صلاحیتیں۔

پ۔ مالی حیثیت سرٹیفکیٹ۔

ت۔ موزوں انتظامی صلاحیت۔

ٹ۔ پچھلے تین سال کا ٹیکس کا گوشوارہ ایف بی آر سے تصدیق شدہ۔

ث۔ پچھلے ایک سال کی بینک ٹرانزیکشن اسٹیٹمنٹ، متعلقہ بینک سے تصدیق شدہ۔

ج۔ حلفیہ بیان (اسٹامپ پیپرز) آپ کی فرمز / کمپنیز کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر نہیں ہے۔

چ۔ 5% بڈ سیکیورٹی کی CDR (صرف اپنے دلچسپی کی یونٹ کے لیے) اور جس بینک سے CDR بنے گی اسی بینک کی بیلنس اسٹیٹمنٹ بھی منسلک ہونی چاہیئے۔

د۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز کو پری کوالیفکیشن کے وقت آئی جی ایف سی (نارتھ) بلوچستان کے نام پر اپنے پسند کے علاقے کے لحاظ سے درخواست جمع کروانی ہوگی۔

۴۔ وہ تمام ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز جو کسی بھی سرکاری ڈیپارٹمنٹ سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر ہوں یا پھر ناقص کارگردگی کی وجہ سے نااہل کیے گئے ہوں پری کوالیفکیشن پراسس میں حصہ نہیں لے سکتے۔

۵۔ پری کوالیفکیشن پراسس میں کوالیفائی کرنے والے ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز جو کہ پیرا نمبر 3 کے مطابق بورڈ اور بورڈ پریذیڈنٹ کو مطمئن کر سکیں ٹینڈر فارم حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

٦۔ تمام ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز درخواست دیتے وقت سالانہ ٹھیکہ کی کل مالیت کا 5% (اپنے دلچسپی کے علاقے کے لحاظ سے) بطور کال ڈیپازٹ، بینک ڈرافٹ یا پے آرڈر کی شکل میں جمع کرائیں گے جس کی تفصیل دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے موجودہ ٹھیکیداران برائے سال 2023-24 متعلقہ ٹھیکہ میں ذر بیعانہ سے مستثنیٰ ہونگے۔ کال ڈیپازٹ کو یونٹوں کے مطابق رکھا گیا ہے تاکہ چھوٹے یا کم آمدن ٹھیکیدار بھی حصہ لے سکیں۔

۷۔ مقابلے کو شفاف رکھنے اور دلچسپی رکھنے والے تمام افراد کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے سالانہ ٹھیکہ کی کل مالیت کے 5% ہر یونٹ کے حساب سے نکالے گئے ہیں تاکہ چھوٹے ٹھیکیداران بھی مقابلے میں حصہ لے سکیں۔

۸۔ پری کوالیفکیشن پراسس میں حصہ لینے والے تمام خواہشمند ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز جو پری کوالیفکیشن کے وقت درخواست جمع کراتے ہوئے 5% بڈ سیکیورٹی جمع نہ کرا سکے ٹیکنیکل طور پر نااہل تصور ہونگے اور پری کوالیفکیشن پراسس میں بھی حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۹۔ پری کوالیفکیشن پراسس کے دوران تمام کنٹریکٹرز / فرمز / کمپنیز کی طرف سے مہیا کیے گئے تمام کاغذات بشمول CDR پے آرڈر، بینک ڈرافٹ، بینک اسٹیٹمنٹ اور ٹیکس گوشوارے متعلقہ اداروں اور بینکس سے تصدیق کرائے جائیں گے۔ کوئی بھی ڈاکومینٹس / کاغذات معترض پائے گئے تو فرمز / کمپنیز نااہل ہونگی اور انکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۱۰۔ ہر چیز کے ریٹ 100 کلوگرام کے حساب سے دیئے ہوں گے جو کہ حتمی ہونگے اور ٹینڈر رواں ہونے کے بعد کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کرنے والی فرمز کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

۱۱۔ کنٹریکٹ حاصل کرنے والے تمام کامیاب کنٹریکٹر یا فرمز کی طرف سے مہیا کئے گئے تمام کاغذات تصدیق ہونگے۔ اگر تصدیق کے دوران کوئی بھی کاغذات معترض پائے گئے تو کنٹریکٹ منسوخ کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکیداران / فرمز / کمپنیز ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی تمام یونٹوں اور ونگز کے مقامات پر متعلقہ اشیاء یکم جولائی 2024ء سے سپلائی کرنے کے پابند ہوں گے۔

۱۳۔ ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) یا اس کی طرف سے تشکیل دی گئی کمیٹی کو پورا اختیار ہوگا کہ وہ کسی ایک یا تمام ٹینڈروں کو PPRA رولز کی روشنی میں منظور یا مسترد کر سکتی ہے۔

۱۴۔ ٹینڈر منظور ہونے کی صورت میں اگر کوئی ٹھیکیدار سپلائی کرنے میں ناکام رہا تو سکیورٹی ذر بیعانہ بحق سرکار ضبط کیا جائے گا۔ اور کنٹریکٹ منسوخ کر کے ڈیفالٹر ٹھیکیدار کے نام رسک پر چیز کی جائے گی اور قیمت کا فرق ڈیفالٹر ٹھیکیدار کی ضبط کی گئی رقم سے پورا کیا جائے گا۔

۱۵۔ ٹینڈر میں تمام رجسٹرڈ کنٹریکٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ اور ساؤتھ)، پاک آرمی اور ایف سی KPK (نارتھ اور ساؤتھ) حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

۱۶۔ مزید یہ کہ شرائط کی خلاف ورزی کرنے والی فرمز / کمپنیز کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

۱۷۔ ٹینڈر فارم کی سکین کاپی ہرگز استعمال نہ کی جائے۔ خلاف ورزی کرنے والے کنٹریکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

۱۸۔ ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے ٹینڈر مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے موصول ہونے چاہیں تاخیر سے وصول ہونے والے ٹینڈرز پر غور نہیں کیا جائے گا۔ تاہم ٹینڈر کھولتے وقت ٹھیکیدار یا اس کے مجاز نمائندہ کی موجودگی ضروری ہے۔

۱۹۔ ٹینڈر والے لفافے کے اوپر ٹینڈر برائے راشن سپلائی (آئیٹم کی قسم) اور ساتھ ٹینڈر کھولے جانے کی تاریخ لکھنا ضروری ہے۔

۲۰۔ کیرج ٹھیکہ (ڈرائی راشن / فوجی ساز و سامان)۔ کیرج کا ٹینڈر فارم فل کرتے وقت ریٹ per ton/ per km کے حساب سے درج کرنا ہوں گے۔

۲۱۔ ٹیٹرا پیک (ہمیلے، اولپر، نور پور) اور ملک پاؤڈر کے ٹینڈر کے لئے دو لفافوں کا استعمال کیا جائے جو کہ ذیل ہیں:۔

<u>لفافہ نمبر 1 ٹیکنیکل پروپوزل:</u>

الف۔ اس لفافے میں ٹیٹرا پیک (ہمیلے، اولپر، نور پور)، ملک پاؤڈر کا نام، قسم اور برانڈ کی تفصیل اور 2 مستند لیبارٹریز کی ٹیسٹ رپورٹ منسلک ہوگی۔

ب۔ ٹیٹرا ملک پیک (ہمیلے، اولپر، نور پور) اور ملک پاؤڈر کے سیمپل مقررہ شیڈول کے مطابق ایف سی (نارتھ) بلوچستان کی تشکیل دی گئی کمیٹی کے پاس جمع کروانے ہونگے۔ جو کہ ایف سی نارتھ بلوچستان اپنے طور پر کسی بھی لیبارٹری سے چیک کروا سکتی ہے۔ اور لیبارٹری کا خرچہ متعلقہ فرم / کمپنی ادا کرے گی۔

پ۔ ٹیٹرا ملک پیک (ہمیلے، اولپر، نور پور) کا سیمپل لاتے وقت یہ ذہن نشین کرنا ہوگا کہ متعلقہ کمپنی کا فلیگ شپ پروڈکٹ جو پورے ملک کے لیے استعمال ہو رہا ہو لایا جائے گا۔ اور اسی ٹریڈ مارک اور فارمولے کی سپلائی کو کنٹریکٹ مدت کے دوران یقینی بنایا جائے گا۔

<u>لفافہ نمبر 2 فنانشل پروپوزل:</u> اس لفافہ میں ملک پیک (ہمیلے، اولپر، نور پور) اور ملک پاؤڈر کے ٹینڈر فارم مع ریٹ ہوں گے۔

۲۲۔ ساری کارروائی PPRA رولز کی روشنی میں کی جائے گی۔ اور ٹینڈر مقررہ تاریخ کو ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کوئٹہ میں کھولے جائیں گے۔

۲۳۔ مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 081-9204203 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ اشتہار پیپرا کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

**لیفٹیننٹ کرنل برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)**

**ٹیلی فون نمبر 081-9204203**